مصباح النحو

ساجد الهاشمی

اهل السنۃ پبلیکیشنز

جميع الحقوق بحق المصنف محفوظة

الكتاب	:	مصباح النحو
المرتب	:	محمد حسين ساجد الهاشمی
النظر الثانی	:	ریاض احمد سعیدی
صفحات	:	
الطابع	:	
الناشر	:	
الثمن	:	

دیباجۃ الکتاب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

قرآنِ حکیم ،فرقانِ مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ کتاب اُس نے اپنے محبوب نبی ،تاجدارِ کائنات حضرت محمد مصطفٰی ﷺ پر نازل فرمائی۔ پروردگارِ عالم نے اپنے محبوب رسول ﷺ کو بے شمار معجزات عطا فرمائے مگر آپ ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ قرآنِ حکیم ہے۔ یہ زندہ اور تابندہ معجزہ ہمیشہ موجود رہے گا۔ یہ بے مثل، بے عیب اور لا ریب کتاب ہے۔اس جیسی کتاب بنانا ممکن نہیں ہے۔اس کتاب کا ایک ایک حرف سچائیوں کی لا زوال داستان ہے۔ اس کتاب میں ساری انسانیت کے لئے قیامت تک کے لئے ہدایت ہے۔انسانیت کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے،جس کے لئے واضح ہدایت اس میں موجود نہ ہو۔

اس عظیم الشان کتاب کے ہم پر بہت سے حقوق ہیں۔ان حقوق کی ادائیگی ہمارا اولین فرض ہے۔مگر صد افسوس کہ ہم اس فقید المثال کتاب کے حقوق کی ادائیگی سے بالکل بے نیاز ہیں۔

قرآنِ حکیم کا سب سے پہلا اور بنیادی حق اس کی تلاوت کو سیکھنا ہے اور صحیح لہجہ میں اس کی تلاوت کرنا ہے۔عربی زبان فصاحت اور بلاغت کے انتہائی درجہ پر فائز ہے۔اس کے تلفظ میں معمولی سا تغیر بھی بسا اوقات معانی اور مفاہیم میں بہت بڑی تبدیلی واقع کر دیتا ہے افسوس کا مقام یہ ہے کہ ہم میں سے بہت سارے لوگ اس کی تلاوت کر ہی نہیں سکتے۔ بہت سارے لوگ جو تلاوت کرتے ہیں۔ان کی تلاوت صحیح نہیں ہوتی۔کیا خبر کب موت کی آندھی چلے اور زندگی کے چراغ کو بجھا دے۔اگر ہم اس کتابِ عظیم کی تلاوت کی نعمت سے محرومی کی

حالت میں اس دنیا سے سدھار گئے تو یہ بہت بڑا خسارہ ہوگا۔

قرآنِ حکیم کا دوسرا بنیادی حق جو ہم پر عائد ہوتا ہے، وہ اس کے مفاہیم اور معانی کو سمجھنا ہے۔اس کے اسرار و رموز میں غور وفکر کرنا ہے۔اس کی تلاوت کے دوران حقیقی روحانی لذت اور لطف تب ہی آئے گا جب زبان تلاوت کرے اور دل اس کے معانی سمجھے۔اس پر عمل کرنا بھی اس کے فہم پر موقوف ہے۔

قرآنِ حکیم چونکہ عربی زبان میں ہے اس لئے اس کے معانی کو سمجھنا عربی کے سمجھنے پر موقوف ہے۔علماء اسلام نے عربی سکھانے کے لئے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ان میں سے اکثر کتابوں میں زیادہ کلمات غیر قرآنی ہوتے ہیں۔اس لئے ان کے پڑھنے اور پڑھانے سے عربی تو آجاتی ہے مگر قرآنی کلمات کا خاطر خواہ ذخیرہ حاصل نہیں ہوتا۔اس بندہ کج فہم نے اپنی کم علمی کے اعتراف کے باوجود اس ضمن میں یہ ایک کوشش کی ہے۔اس کتاب میں پورا لتزام کیا ہے کہ قرآنی کلمات ہی استعمال کئے جائیں۔ یقیناً اس کتاب کی ترتیب میں بہت سی اغلاط ہوں گی۔ مجھے امید کامل ہے کہ بزرگ علماء کرام ازراہِ شفقت تجویزِ اصلاح فرما کر حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو صاحبِ قرآن ﷺ کی شفاعتِ عظمیٰ عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم ﷺ

ساجد الهاشمی

دسمبر ؁ء

اهداء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هذا السعی الجمیل

من العبد الحقیر الفقیر الذلیل

فی حضرة حبیبنا الاجمل و طبیبنا الاکمل

حبیب رب العلمین

صاحب القرآن الحکیم

محمد رسول الله

صلی اللّٰه علیه وعلی اٰله و اصحابه اجمعین

مع الادب الکامل و العجز الشامل

راجیا شفاعته العظمٰی و وسیلته الکبری یوم القیامة

العبد الضعیف

محمد حسین ساجد الهاشمی

اَلدَّرْسُ الاول

کسی بھی علم کو پڑھنے سے پہلے 3 چیزوں کا جاننا ضروری ہوتا ہے۔

1۔ تعریف

نحو ایسے اصولوں کا علم ہے جس سے اعراب اور بناء کی جہت سے اسم ، فعل اور حرف کے اواخر کے احوال کو پہچانا جاتا ہے اور بعض کلمات کو دوسرے کلمات کے ساتھ ملانے کی کیفیت جانی جاتی ہے۔

2۔ موضوع

کلمہ اور کلام

3۔غرض

کلامِ عرب میں ذھن کو لفظی غلطی سے بچانا۔

اَلدَّرْسُ الثانی

لَفْظ

جو بات انسان کے منہ سے نکلتی ہے، اُسے لفظ کہتے ہیں۔

لَفْظ کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ **مُهْمَل** (بے معنی) : وہ لفظ ہے جو کسی معنٰی کے لئے نہ بنایا گیا ہو۔

جیسے دَیز (زید کا اُلٹ)

2۔ **مَوْضُوْع** (بامعنی) : وہ لفظ ہے جو کسی معنٰی کے لئے بنایا گیا ہو۔

جیسے قَلَمٌ (ایک قلم) ، کِتَابٌ (ایک کتاب) ، لَوْحٌ (تختی)۔

پھر لفظِ موضوع کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ **مُفْرَد** (اکیلا) : وہ لفظ ہے جو ایک معنٰی کے لئے بنایا گیا ہو۔

جیسے کُرْسِیٌّ (کرسی) ، نُوْرٌ (روشنی) ، نَارٌ (آگ)۔

2۔ **مُرَكَّب** (ملا ہوا): وہ لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے حاصل ہو۔

جیسے عَبْدُ اللّٰهِ (اللہ کا بندہ) ، ذَهَبَ خَالِدٌ (خالد گیا)۔

تَمْرِیْن

سوال نمبر 1۔ نیچے والے الفاظ سے مفرد اور مرکب جدا کریں؟

1۔ اُخْتٌ صَغِیْرَۃٌ
2۔ کِتَابٌ
3۔ عَبْدٌ
4۔ عَبْدُ اللّٰہِ
5۔ قَلَمٌ صَغِیْرٌ
6۔ کِتَابُ اللّٰہِ
7۔ قَلَمُ الْاُخْتِ
8۔ زَوْجَۃٌ
9۔ زَوْجَۃٌ صَغِیْرَۃٌ
10۔ اَلْقُرْآنُ الْکَرِیْمُ
11۔ وَلَدٌ جَمِیْلٌ
12۔ قَلَمُ الطَّالِبِ
13۔ اَلْوَلَدُ فَقِیْرٌ
14۔ مَفْتُوْحٌ
15۔ مَرِیْضٌ
16۔ اَلتُّفَّاحُ لَذِیْذٌ
17۔ اَلْبَقَرَۃُ السَّوْدَاءُ
18۔ اَلْبَقَرَۃُ فِی الْبُسْتَانِ
19۔ اَلدَّفْتَرُ جَدِیْدٌ
20۔ قَدِیْمٌ
21۔ اَلْقَمَرُ نُوْرٌ
22۔ اَلشَّمْسُ
23۔ اَلْقَلَمُ مَکْسُوْرٌ
24۔ اَلْمُدَرِّسُ
25۔ اَلْحَجَرُ الْاَسْوَدُ
26۔ اَلْقُبَّۃُ الْخَضْرَاءُ
27۔ اَلْمَسْجِدُ
28۔ اَلنَّجْمُ

اَلدَّرْسُ الثَّالِث

مُفْرَد

مُفْرَد وہ لفظ ہے جو ایک معنٰی کے لئے بنایا گیا ہو۔

❖ مفرد کو کلمہ بھی کہتے ہیں۔

کَلِمَہْ کی 3 قسمیں ہیں۔

1۔ **اِسْم** : وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنے معنٰی پر دلالت کرے اور اس میں زمانہ نہ ہو جیسے **قَدَمٌ** (پاؤں) ، **رِجْلٌ** (ٹانگ) ، **وَجْـهٌ** (چہرہ) ، **ذَقَنٌ** (ٹھوڑی)

2۔ **فِعْل** : وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنے معنیٰ پر دلالت کرے اور اس میں زمانہ بھی ہو۔ جیسے **حَمِدَ** (اُس نے تعریف کی) ، **اُؤْمِنُ** (میں ایمان لاتا ہوں)، **اِهْدِ** (تو ہدایت عطا فرما) ، **لَا تَكْفُرْ** (انکار نہ کر) ، **ضُرِبَ** (وہ مارا گیا)۔

3۔ **حَرْف** : وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنے معنیٰ پر بھی دلالت نہ کرے اور اس میں زمانہ بھی نہ ہو جیسے **بِ** (ساتھ) ، **اِنْ** (اگر)، **يَا** (اے) ، **لَا** (نہیں) ، **نَعَمْ** (ہاں) ، **بَلْ** (بلکہ)، **اَنْ** (کہ)، **فِيْ** (میں)، **عَلىٰ** (پر) **ثُمَّ** (پھر) **اَلَا** (خبردار)۔

تَمْرِیْن

سوال نمبر1۔ نیچے والے جملوں اور مرکبات کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز اِن جملوں میں اسم ، فعل اور حرف جدا کریں۔

1۔ اُؤْمِنُ بِکِتَابِ اللّٰهِ

2۔ اَقْرَءُ کِتَابَ اللّٰهِ

3۔ قَدَمٌ صَغِیْرَةٌ

4۔رِجْلٌ صَغِیْرَةٌ

5۔یَدُ اللّٰهِ عَلَی الْجَمَاعَةِ

6۔فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ تَعَالٰی

7۔اَلْقَلَمُ عَلَی الْکِتَابِ

8۔اَلْاُسْتَاذُ عَلَی الْکُرْسِیِّ

9۔ضَرَبَ خَالِدٌ بِالْعَصَا

10۔ عَلَی الرَّأْسِ وَالْعَیْنِ

11۔ اَلْوَلَدُ فِی الْغُرْفَةِ

12۔ کَتَبَ الْمُدَرِّسُ

13۔ اَشْرَبُ الْمَاءَ

14۔خَرَجَ التَّاجِرُ مِنَ الْبَیْتِ

15۔ ذَهَبَ الْوَلَدُ اِلَی السُّوْقِ

16۔ جَلَسَتْ خَالِدَةٌ فِی الْفَصْلِ

17۔رَجَعَ اَبِیْ مِنَ الْمَسْجِدِ

18۔ فَتَحْتُ النَّافِذَةَ

19۔یَا فَیْصَلُ !اِقْرَأْ الْقُرْآنَ

20۔ کَسَرَ الطِّفْلُ الْقَلَمَ

21۔ لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

22۔اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَ یَدِهٖ

23۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا

اَلدَّرْسُ الرابع

اسم کی علامات

اِسْم کی 10 علامات ہیں۔

1۔اَلِفْ لام لفظ کی ابتداء میں ہونا:

مثلاً: اَلشَّمْسُ (سورج) ، اَلْوَلَدُ (لڑکا) ، اَلرَّأْسُ (سر) ،اَلْقَمَرُ (چاند)

2۔تَنْوِیْن (دوزبر، دوزیر، دوپیش) لفظ کے آخر میں ہونا:

مثلاً: اَبٌ (باپ)، اُخْتٌ (بہن)، اُمٌّ (ماں)، اَخٌ (بھائی)، عَمٌّ (چچا) اَنْفٌ (ناک) ، خُبْزٌ (روٹی) ، مَاءٌ (پانی)

3۔مُسْنَدْ اِلَیْه (جس کے بارے کچھ بتایا گیا ہو) ہونا:

مثلاً: خَلَقَ اللّٰہُ الْاَرْضَ (اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا)، خَلَقَ اللّٰہُ السَّمَاءَ (اللہ تعالیٰ نے آسمان کو پیدا کیا) ، اُسْتَاذُنَا عَالِمٌ کَبِیْرٌ (ہمارے استاذ بہت بڑے عالم ہیں) ، اَلْاَبُ وَالْاُمُّ فِی الْبَیْتِ (ابا جان اور امی جان گھر میں ہیں)

4۔ مَنْسُوْب (وہ لفظ جو نسبت پر دلالت کرے) ہونا:

مثلاً: عَرَبِیٌّ (عربی) ، مَدَنِیٌّ (مدینہ شریف میں رہنے والا)

5۔ مُضَاف (وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ کی طرف مضاف ہو) ہونا:

مثلاً: عَبْدُ اللّٰہِ (اللہ تعالیٰ کا بندہ) بَیْتُ اللّٰہِ (اللہ تعالیٰ کا گھر)

6 ۔ مُصَغَّر (وہ اسم جو چھوٹے پن پر دلالت کرے) ہونا:

مثلاً: رُجَیْلٌ (چھوٹا مرد)، طُفَیْلٌ (چھوٹا بچہ)

7 ۔ مُثَنّٰی (وہ کلمہ جو دو افراد پر دلالت کرے) ہونا:

مثلاً: اُخْتَانِ (دو بہنیں)، قَلَمَانِ (دو قلمیں) خُبْزَانِ (دو روٹیاں)

8۔ جَمع (وہ کلمہ جو دو سے زیادہ افراد پر دلالت کرے) ہونا:

مثلاً: مَسَاجِدُ (مسجدیں)، رِجَالٌ (مرد)، اَلنِّسَاءُ (عورتیں)، اَسْوَاقٌ (بازار)

9۔ مَوْصُوْف (وہ کلمہ جس کی صفت بیان کی گئی ہو) ہونا:

مثلاً: اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ (سیدھا راستہ) عَذَابٌ اَلِیْمٌ (دردناک عذاب)

10۔ آخر میں تائے مُتَحَرَّکہ (زبر، زیر یا پیش والی گول تا) ہونا:

مثلاً: عَالِمَۃٌ (علم والی عورت)، صَادِقَۃٌ (سچ بولنے والی عورت)

تمرِین

سوال نمبر1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز ان جملوں سے اسماء اور ان کی علامات تلاش کریں۔

1۔اَلْکَعْبَةُ بَیْتُ اللّٰہِ	2۔اَلْمَدِیْنَةُ اَرْضُ اللّٰہِ
3۔رَمَضَانُ شَھْرُاللّٰہِ	4۔سَیِّدُنَا عِیسٰی کَلِمَةُ اللّٰہِ
5۔آدَمُ خَلِیْفَةُ اللّٰہِ	6۔سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ حَبِیْبُ اللّٰہِ
7۔اَلْقَلَمَانِ فِی الْجَیْبِ	8۔اَلْاِمَامَانِ فِی الْمَسْجِدِ
9۔اَلْمَسَاجِدُ بُیُوْتُ اللّٰہِ	10۔اَلْاَسْوَاقُ بیُوْتُ الشَّیْطَانِ
11۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ صَالِحُوْنَ	12۔اَلْبِنْتُ مُجْتَھِدَةٌ
13۔ ھَلْ اَنْتَ بَاکِسْتَانِیٌّ	14۔ اَلْکِتَابُ کَبِیْرٌ
15۔ وَلَدٌ جَمِیْلٌ	16۔ کُتَیْبٌ
17۔ ھٰذَا الرَّجُلُ مَکِّیٌّ	18۔لِیْ اُخْتَانِ
19۔ اَلْاَوْلَادُ فِی الْمَلْعَبِ	20۔ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ لِلنِّسَاءِ
21۔ اَجْرٌ عَظِیْمٌ	22۔ اَلْقُرْآنُ کِتَابُ اللّٰہِ
23۔ لِلْمَسْجِدِ بَا بَانِ	24۔ اَلْوَرَقَانِ عَلَی الْمَکْتَبِ
25۔ اَلْبُیُوْتُ نَظِیْفَةٌ	26۔ اَلْاَقْلَامُ مَکْسُوْرَةٌ

اَلدَّرْسُ الخامس

مَعْرِفَة اورنَكِرَة

مختلف اعتبارات سے اسم کی کئی قسمیں ہیں۔

تَعْرِیْف و تَنْکِیْر کے اعتبار سے اسم کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ اِسْمِ مَعْرِفَه: وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز پر دلالت کرے۔

2۔ اِسْمِ نَکِرَه: وہ اسم ہے جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز پر دلالت کرے۔

اسم نکرہ کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ کسی عام چیز کا نام۔

مثلا: کِتَابٌ (ایک کتاب)، شَجَرَةٌ (ایک درخت)، رَوْضَةٌ (ایک باغیچہ) جَنَّةٌ (باغ)، مَدِیْنَةٌ (شہر)، لَوْحٌ (تختی)، بَابٌ (دروازہ)

2۔ وہ اسم جو کسی چیز کے وصف کو بیان کرے۔

مثلا: جَمِیلٌ (خوبصورت)، کَبِیْرٌ (بڑا)، اَحْمَرُ (سرخ)، کَثِیْرٌ (بہت زیادہ)، کَاتِبٌ (لکھنے والا)، قَبِیْحٌ (بدصورت)، نَظِیْفٌ (صاف ستھرا)

تمْرِیْن

سوال نمبر 1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

1۔ قَلَمُ الْبِنْتِ صَغِیرٌ
2۔ قَلَمُ الْاِبْنِ كَبِیْرٌ
3۔ بَابُ الْبَیْتِ جَمِیْلٌ
4۔ اَلْبَیْتُ نَظِیْفٌ
5۔ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ
6۔ مَتَاعُ الْآخِرَةِ عَظِیْمٌ
7۔ اَلْمَدِیْنَةُ نَظِیْفَةٌ
8۔ وَجْهُ الْكَافِرِ قَبِیْحٌ
9۔ اَلْمُسْلِمُ صَادِقٌ
10۔ اَلْكَافِرُ كَاذِبٌ

سوال نمبر 2۔ نیچے والے جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1۔ مسجد کا دروازہ بڑا ہے۔
2۔ گھر کا دروازہ چھوٹا ہے۔
3۔ شرک گناہِ کبیرہ ہے۔
4۔ غیبت گناہِ کبیرہ ہے۔
5۔ کتا بدصورت جانور ہے۔
6۔ گھوڑا خوبصورت جانور ہے۔
7۔ مسجد صاف ہے۔
8۔ صفائی نصف ایمان ہے۔

سوال نمبر 3۔ پہلے سوال سے اسماءِ نکرہ جدا کریں۔

سوال نمبر 4۔ پہلے سوال سے اسماءِ معرفہ جدا کریں۔

سوال نمبر 5۔ کیا ایک ہی لفظ پر الف لام اور تنوین آسکتے ہیں؟

اَلدَّرْسُ السادس

اِسْم مَعْرِفَة

اسم معرفہ کی 7 اقسام ہیں۔

1۔ **عَلَم**: کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو کہتے ہیں۔

مثلاً: بَیْرُوْت ، اَحْمَد، بَرْنلے ، اِنْجِیْل ، جَبَلُ اُحُد ، بَحْرُ الْھِنْد

2۔ **مُعَرَّفْ بِاللَّام**: وہ اسم نکرہ جس کی ابتداء میں ال ہو۔

مثلاً: اَلْقَلَمُ (قلم)، اَلْیَدُ(ہاتھ)، اَلْجَبَلُ (پہاڑ)، اَلْبَحْرُ (دریا)،

3۔ **مُعَرَّفْ بِالنِّدَاء**: وہ اسم نکرہ جس پر کوئی حرف ندا داخل ہو۔

مثلاً: یَا رَجُلُ (اے آدمی)، یَا طَالِبُ (اے طالبِ علم)، یَا وَلَدُ (اے لڑکے)

4۔ **ضَمَائِر**: وہ کلمات جو متکلم ، مخاطب اور غائب پر دلالت کریں۔

ان کی 5 قسمیں ہیں۔

ضَمائِر مَرْفُوعَة مُنفَصِلَة : هُوَ هُمَا هُمْ هِیَ هُمَا هُنَّ

اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتُمْ اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ اَنَا نَحْنُ

ضَمائِر مَرْفُوعَة مُتَّصِلَة : ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا

ضَرَبْنَ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ۔ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا

ضَمَائِر مَنصُوبَة مُنفَصِلَة : اِیَّاہُ اِیَّاھُمَا اِیَّاھُمْ اِیَّاھَا اِیَّاھُمَا اِیَّاھُنَّ اِیَّاكَ اِیَّاکُمَا اِیَّاکُمْ اِیَّاكِ اِیَّاکُمَا اِیَّاکُنَّ اِیَّایَ اِیَّانَا

ضَمَائِر مَنصُوبَة مُتَّصِلَة : ضَرَبَہٗ ضَرَبَھُمَا ضَرَبَھُمْ ضَرَبَھَا ضَرَبَھُمَا ضَرَبَھُنَّ ضَرَبَكَ ضَرَبَکُمَا ضَرَبَکُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَکُمَا ضَرَبَکُنَّ ضَرَبَنِیْ ضَرَبَنَا

ضَمَائِر مَجرُورَة مُتَّصِلَة :كِتَابُہٗ كِتَابُھُمَا كِتَابُھُمْ كِتَابُھَا كِتَابُھُمَا كِتَابُھُنَّ كِتَابُكَ كِتَابُکُمَا كِتَابُکُمْ كِتَابُكِ كِتَابُکُمَا كِتَابُکُنَّ كِتَابِیْ كِتَابُنَا

5۔ اَسْمَاءِ اِشَارَات

:وہ کلمات جن سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کیا جائے۔ذَا ، ذَانِ ، ذَیْنِ ، تَا ، تِیْ ، تِہٗ ، ذِہٗ ، ذِھِیْ ، تِھِیْ ، تَانِ ، تَیْنِ ، اُولَآءِ ، اُوْلٰی ۔

6۔ اَسْمَاءِ مَوْصُوْلَات

:وہ کلمات جن کے معنی میں ابہام ہو اور بعد والا جملہ اس ابہام کو دور کردے۔ بعد والے جملہ کو صلہ کہتے ہیں۔

اَلَّذِیْ ، اَللَّذَانِ ، اَللَّذَیْنِ ، اَلَّذِیْنَ ، اَلَّتِی ، اَللَّتَانِ ، اَللَّتَیْنِ ، اَللَّاتِیْ ، اَللَّوَاتِیْ ، مَا مَنْ ، اَیٌّ ، اَیَّۃٌ ، الف لام (جو اسمِ فاعل اور اسم مفعول پر اَلَّذِی کے معنیٰ میں آتا ہے)

7۔ مُضَافْ اِلَی الْمَعْرِفَة

:وہ اسم نکرہ جو کسی معرفہ کی مضاف ہو۔

مثلاً: كِتَابُ عُمَر (عمر کی کتاب)، سَاعَتُہٗ(اس کی گھڑی)

تَمْرِیْن

سوال نمبر 1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز اسماءِ معرفه کی اقسام کی پہچان کریں۔

1۔قَلَمُ الْمَلِكِ فِیْ یَدِ الْعَبْدِ 2۔ بِنْتُ اُخْتِیْ بِنْتٌ صَغِیْرَۃٌ

3۔ نَمْ یَا حَبِیْبِیْ نَمْ یَا حَبِیْبِیْ 4۔عَیْنُ الْعَبْدِ کَبِیْرَۃٌ جَمِیْلَۃٌ

5 ۔ یَا شَیْطَانُ اُخْرُجْ 6۔ اُسْجُدْ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

7۔ اَلْمُؤْمِنُ یُنْفِقُ مَالَہٗ 8۔ مُحَمَّدٌ ﷺ شَاهِدٌ

9۔ هُوَ ﷺ سِرَاجٌ مُّنِیْرٌ 10۔هُوَ فَضْلٌ کَبِیْرٌ

11۔ اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ 12۔ هٰذَانِ کِتَابَانِ

13۔ هَاتَانِ بَقَرَتَانِ 14۔ هٰذَانِ بیتان

سوال نمبر 2۔ضمائر کی پانچوں اقسام کی پہچان کریں۔

1۔ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ 2۔هُوَ خَالِقُنَا وَ خَالِقُکُمْ

3۔ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ 4۔ اَکَلْنَا الْمَوْزَ وَالتُّفَّاحَ

5۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰی سَمْعِهِمْ وَ عَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَۃٌ

6۔ اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ

7۔اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَاءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ

اَلدَّرْسُ السَّابع

مُذَكَّر اور مُؤَنَّث

تَذْكِیْر و تَاْنِیْث کے اعتبار سے اسم کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ **مُذَکَّر** : وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامت نہ ہو۔

2۔**مُؤنَّث** : وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامت ہو۔

عَلَامَاتِ تَاْنِیْث

تانیث کی 4 علامات ہیں۔

1 ۔ **گول تا (ۃ)**: ظُلْمَۃٌ ، قُوَّۃٌ ، نِعْمَۃٌ ، قُدْرَۃٌ

2 ۔**اَلِف مَقْصُوْرَہ** :صُغْرٰی ، قُصْوٰی ، بُصْرٰی ، وُسْطٰی

3 ۔**اَلِف مَمْدُوْدَہ** :حَمْرَآءُ(سرخ) بَیْضَآءُ(سفید)زَرْقَآءُ (نیلا) خَضْرَآءُ(سبز) ، صَفْرَآءُ(زرد) ، عَمْیَآءُ(اندھی) ، عَرْجَآءُ(لنگڑی)

4 ۔**تَائے مُقَدَّرَۃ** :اَرْضٌ (یہ اصل میں اَرْضَۃٌ تھا اس کی تصغیر اُرَیْضَۃٌ ہے کیونکہ تصغیر اسم کو اس کے اصل کی طرف پھیر دیتی ہے)۔

تانیث کی علامت ظاہر ہونے کے اعتبار سے بھی مونث کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ **مُؤَنَّث قِيَاسِيّ** :وہ اسمِ مونث جس میں تانیث کی علامت ظاہر ہو۔

2۔ **مُؤَنَّث سِمَاعِيّ** :وہ اسمِ مؤنث جس میں تانیث کی علامت ظاہر نہ ہو

مندرجہ ذیل کلمات مؤنث سماعی ہیں۔

اَلشَّمْسُ، اَلدَّارُ ، اَلنَّارُ ، اَلْجَحِيْمُ

پھر مؤنث کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔**مُؤَنَّث حَقِيْقِيّ** : وہ اسم مؤنث جس کے مقابلہ میں نرحیوان ہو۔

مثلاً:اِمْرَأَةٌ،اس کے مقابلہ میں رَجُلٌ ہے۔ نَاقَةٌ،اس کے مقابلہ میں جَمَلٌ ہے، بَقَرَةٌ،اس کے مقابلہ میں ثَوْرٌ ہے۔زَوْجَةٌ،اس کے مقابلہ میں زَوْجٌ ہے۔

2۔**مُؤَنَّث لَفْظِي** : وہ اسم مؤنث جس کے مقابلہ میں نرحیوان نہ ہو۔

مثلاً :ظُلْمَةٌ (اندھیرا)، قُوَّةٌ (طاقت) ، خِدْمَةٌ (خدمت) ، جَهَالَةٌ (جہالت) ، قُبَّةٌ (گنبد) ، مُدَوَّرَةٌ (گول)

تَمْرِیْن

سوال نمبر 1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز تانیث کی علامات کی پہچان کریں۔

نیز مؤنث قیاسی اور مؤنث سماعی کو جدا جدا کریں۔

1۔ اَلْبَقَرَۃُ السَّوْدَآءُ فِی الْبُسْتَانِ 2۔ اَلنَّاقَۃُ الْحَمْرَآءُ فِی الْغَابَۃِ

3۔ اَلْحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّۃِ 4۔ اَلْعِلْمُ حَیَاۃٌ وَالْجَھْلُ مَوْتٌ

5۔ اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ 6۔ اَلنَّظَافَۃُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ

7۔ اَیْنَ الْمَسْجِدُ الْاَقْصٰی ؟ 8۔ ھِیَ فِیْ فِلَسْطِیْن

9۔ اَلْمُعَلِّمَۃُ قَائِمَۃٌ 10۔ اَلتِّلْمِیْذَۃُ جَالِسَۃٌ

11۔ اَلشَّمْسُ نُوْرٌ 12۔ اَلْاَرْضُ لِلّٰہِ

13۔ اَلْقُبَّۃُ الْخَضْرَآءُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ وَ مَالِیْ وَ وَلَدِیْ

14۔ اَلْمَسْجِدُ الْاَقْصٰی فِیْ فِلَسْطِیْنَ

15۔ اَلْقُصْوٰی ھِیَ نَاقَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

16۔ اَلسَّیِّدَۃُ فَاطِمَۃُ الزَّھْرَاءُ ھِیَ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

سوال نمبر 2 ۔ اوپر والے کلمات سے مذکر اور مونث جدا کریں۔

سوال نمبر 3۔ اس تمرین میں موجود مونث حقیقی تلاش کریں۔

اَلدَّرْسُ الثامن

مُفْرَد، تَثْنِیَة اور جَمْع

افراد کے اعتبار سے اسم کی 3 قسمیں ہیں۔

1۔مُفْرَد : وہ اسم ہے جو ایک فرد پر دلالت کرے۔

مثلاً : رَوْضَۃٌ (ایک باغ) ، وَلَدٌ (ایک لڑکا) ، رَجُلٌ (ایک مرد)

2۔تَثْنِیَة : وہ اسم ہے جو دو افراد پر دلالت کرے۔

❖ تثنیہ کے آخر میں ہمیشہ انِ یا ینِ ہوتا ہے۔

مثلاً : بَلَدَانِ (دو شہر) ، بِنْتَانِ (دو لڑکیاں) ، وَلَدَیْنِ (دو لڑکے)

3۔جَمْع : وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ افراد پر دلالت کرے۔

جمع کی لفظ کے اعتبار سے 2 قسمیں ہیں۔

1۔جَمَع مُکَسَّر : وہ جمع جس میں واحد کی بِنَا ٹوٹ جائے۔

مثلاً : مَسَاجِد اس کا مفرد مَسْجِد ہے۔بُیُوْت اس کا مفرد بَیْت ہے۔

2۔جَمَع سَالِم : وہ جمع ہے جس میں واحد کی بِنَا اُسی طرح رہے۔

جمع سَالِم کی 2 قسمیں ہیں:

1۔ جَمَع مُذَکَّر سَالِم :وہ جمع جس کے آخر میں ُوْنَ یا ِیْنَ ہو۔

مثلاً: مُسْلِمُوْنَ ، مُسْلِمِیْنَ ، صَالِحُوْنَ ، صَالِحِیْنَ

2۔ جَمَع مُؤَنَّث سَالِم : وہ جمع جس کے آخر میں اتٌ ہو۔

مثلاً :مُسْلِمَاتٌ ، صَالِحَاتٌ ، عَابِدَاتٌ ، حَافِظَاتٌ

جمع کی معنیٰ کے اعتبار سے بھی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ جَمَع قِلَّتْ :وہ جمع ہے جس کا اطلاق 10 سے کم افراد پر ہو۔

اس کے 4 وزن ہیں۔

1۔ اَفْعُلٌ جیسے اَکْلُبٌ (کتے) یہ کَلْبٌ کی جمع ہے۔

2۔ اَفْعَالٌ جیسے اَقْوَالٌ (باتیں) یہ قَوْلٌ کی جمع ہے۔

3۔ اَفْعِلَةٌ جیسے اَعْوِنَةٌ (میانہ سال، نہ بوڑھا نہ جوان) یہ عَوَانٌ کی جمع ہے۔

4۔ فِعْلَةٌ جیسے غِلْمَةٌ (نوکر) یہ غُلَامٌ کی جمع ہے۔

بغیر الف لام جمع مذکر سالم جیسے مُسْلِمُوْنَ۔

بغیر الف لام جمع مونث سالم جیسے مُسْلِمَاتٌ۔

2۔ جَمَع کَثْرَت :وہ جمع ہے جس کا اطلاق 10 یا زیادہ افراد پر ہو۔

اوپر والے 6 اوزان کے علاوہ باقی سب اوزان جمع کثرت کے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْن

سوال نمبر 1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز جمع کی اقسام کی پہچان کریں۔

1۔ اَلْمَسَاجِدُ بُیُوْتُ اللّٰہِ   2۔ اَلْاَسْوَاقُ بُیُوْتُ الشَّیْطَانِ

3۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ فِی الْمَسْجِدِ   4۔ اَلْمُسْلِمَاتُ فِی الْبُیُوْتِ

5۔ اَلطَّالِبَاتُ صَالِحَاتٌ   6۔ اَلطَّلَبَةُ مُجْتَھِدُوْنَ

7۔ اَلْاَفْعَالُ لَیْسَتْ کَالْاَقْوَالِ   8۔ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَی النِّسَاءِ

9۔ اَلْاَقَارِبُ کَالْعَقَارِبِ   10۔ اَلْاَوْلَادُ کَالثِّمَارِ

سوال نمبر 2 : جمع قلت کے اوزان پہچانیں۔

1۔ اَبْوَابٌ (بَابٌ)   2۔ اَعْمِدَةٌ (عُمُوْدٌ)

3۔ اَوْرَاقٌ (وَرَقٌ)   4۔ اَنْفُسٌ (نَفْسٌ)

5۔ غِلْمَةٌ (غُلَامٌ)   6۔ اَرْغِفَةٌ (رَغِیْفٌ)

7۔ اَوْقَاتٌ (وَقْتٌ)   8۔ اَذْرُعٌ (ذِرَاعٌ)

9۔ شِیْخَةٌ (شَیْخٌ)   10۔ اَوْجُهٌ (وَجْهٌ)

11۔ صِبْیَةٌ (صَبِیٌّ)   12۔ اَعْیُنٌ (عَیْنٌ)

13۔ اَغْرُبٌ (غُرَابٌ)   14۔ وِلْدَةٌ (وَلَدٌ)

اَلدَّرْسُ التاسع
مُرَكَّب غَيْرِ مُفِيْد

مرکب کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ **مُرَكَّبْ مُفِيْد**: یہ وہ مرکب ہے کہ جب کہنے والا خاموش ہوتو سننے والے کوکوئی خبر یا طلب حاصل ہو جائے۔

مثلاً : زَيْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے)، قُمْ يَا زَيْدُ (اے زید تو کھڑا ہو)

❁ اسے جملہ ، کلام ، مرکب تام اور مرکب اسنادی بھی کہتے ہیں۔

2۔ **مُرَكَّبْ غَيْر مُفِيْد**: یہ وہ مرکب ہے کہ جب کہنے والا خاموش ہوتو سننے والے کوکوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو۔

مرکب غیر مفید کی چار قسمیں ہیں۔

1۔ **مُرَكَّبْ اِضَافِيْ**: یہ وہ مرکب ہے جس کا پہلا جز مُضَاف ہوتا ہے اور دوسرا جز مُضَاف اِلَيْه ہوتا ہے۔

❁ مُضَاف اِلَيْه ہمیشہ مَجْرُوْر ہوتا ہے۔

مثلاً: عَبْدُ اللّٰهِ ، كِتَابُ اللّٰهِ ، قَلَمُ زَيْدٍ

2۔مُرَكَّبْ تَوْصِيْفِي :یہ وہ مرکب ہے جس کا پہلا جز مَوْصُوْف اور دوسرا جز صفت ہوتا ہے۔

۞ مَوْصُوْف اور صفت میں تَذْكِيْر ، تَانِيْث ، اِفْرَاد ، تَثْنِيَه ، جَمع، تَعْرِيْفُ و تَنْكِيْر ، رَفع ، نَصَب اور جَرّ میں مطابقت ہوتی ہے۔

مثلاً :اَلْقُرْآنُ الْحَكِيْمُ ، اَلْحَدِيْثَانِ الشَّرِيْفَانِ ،

3۔ مُرَكَّبْ بِنَائِيْ : یہ وہ مرکب ہے جس میں دو اسموں کو ایک کیا گیا ہو اور دوسرا اسم کسی حرف کے معنیٰ پر مشتمل ہو۔

مثلاً :اَحَدَ عَشَرَ سے لے کر تِسْعَةَ عَشَرَ تک۔ اَحَدَ عَشَرَ اصل میں اَحَدٌ وَّ عَشَرٌ تھا۔ و کو حذف کر کے دونوں اسموں کو ایک کر دیا گیا۔

۞ ان تمام مرکبات کے دونوں جز مَبْنِى عَلَى الْفَتْح ہوتے ہیں۔

۞ صرف اِثْنَا عَشَرَ کا پہلا جز مُعْرَب ہے۔

4۔ مُرَكَّبْ مَنَعْ صَرَفْ :یہ وہ مرکب ہے جس میں دو اسموں کو ایک کیا گیا ہو اور دوسرا اسم کسی حرف کے معنیٰ پر مشتمل نہ ہو۔ مثلاً :بَعْلَبَك۔ یہ ایک شہر کا نام ہے۔بك بادشاہ کا نام ہے۔ بعل بت کا نام ہے۔ یہ بادشاہ اس بت کی عبادت کرتا تھا۔ بعد میں ان دونوں اسموں کو ملا کر شہر کا نام رکھ دیا گیا۔

۞ اس مرکب کا پہلا جز مَبْنِىْ عَلَى الْفَتْح اور دوسرا جز مُعْرَب ہے۔

تمرین

سوال نمبر1۔ نیچے والے جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

نیز مُرَکَّبْ اِضَافِیْ، مُرَکَّبْ تَوْصِیْفِی، مرکب بنائی اور مرکب منع صرف کو پہچانیں۔

1۔قَلَمُ زَیْدٍ جَمِیْلٌ 2۔کِتَابُ عَابِدٍ صَغِیْرٌ

3۔سَاجِدٌ وَلَدٌ رَشِیْدٌ 4۔اَبُوْہُ رَجَلٌ ضَعِیْفٌ

5۔رَمَضَانُ شَھْرُ اللّٰہِ 6۔شَعْبَانُ شَھْرِیْ

7۔اَلْقُرْآنُ الْحَکِیْمُ کِتَابُ اللّٰہِ 8۔مُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

9۔اَلْحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّۃِ 10۔اَلْقُبَّۃُ الْخَضْرَآءُ فِی الْمَدِیْنَۃِ الْمُنَوَّرَۃِ

11۔عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ قَلَمًا 12۔سَافَرْتُ اِلٰی حَضْر مُوت

13۔ بَعْلَبَکُّ بَلَدَۃٌ طَیِّبَۃٌ 14۔کِتَابُ التِّلْمِیْذِ ثَمِیْنٌ

15۔ سِیْبَوَیْہِ عَالِمٌ کَبِیْرٌ 16۔ ذَھَبَ ثَلَاثَۃَ عَشَرَ رَجُلًا

17۔ فَازَ التِّلْمِیْذُ الْمُجْتَھِدُ 18۔سَکَنْتُ بَیْتَ لَحْمٍ

19۔ رَأْسُ الْحِکْمَۃِ مَخَافَۃُ اللّٰہِ 20۔ طَبَخْتُ تِسْعَۃَ عَشَرَ رَغِیْفًا

سوال نمبر2: کیا مرکب غیرِ مفید، جملہ بن سکتا ہے؟

سوال نمبر3: جملہ ، کلام اور مرکب مفید میں کیا فرق ہے؟

اَلدَّرْسُ العاشر

مُرَكَّب مُفِیْد

مرکب مفید کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ جُمْلَه خَبَرِیَّه

:وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکے

مثلاً :زَیْدٌ جَالِسٌ (زید بیٹھا ہے) ، سَمِعَ خَالِدٌ (خالد نے سنا)

2۔ جُمْلَه اِنْشَائِیَّه

:وہ جملہ ہے جسکے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکے۔

مثلاً :اِضْرِبْ (تو مار) ،اِقْرَأْ (تو پڑھ)

ان میں سے ہرایک جُمْلَه کی پھر 2 قسمیں ہیں۔

1۔ جُمْلَه اِسْمِیَّه

:وہ جُمْلَہ ہے جس کا مُسْنَدْ، اسم ہو۔

جُمْلَه اِسْمِیَّه میں مُسْنَدْ اِلَیْہِ کو مبتدا اور مُسْنَدْ کو خبر کہتے ہیں۔

زَیْدٌ قَائِمٌ میں زَیْدٌ، مُسْنَدْ اِلَیْہ ہے اور قَائِمٌ ،مُسْنَد ہے۔لہذا (زَیْدٌ) مبتداء (قَائِمٌ)خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

- مبتداء اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ
- مبتداء اکثر اسمِ معرفہ ہوتا ہے اور خبر اکثر اسمِ نکرہ ہوتی ہے۔
- خبر ،جار مجرور ہو اور مبتداء ،نکرہ ہو،تو خبر کو مبتداء سے پہلے لانا

واجب ہوتا ہے۔ جیسے فِی الدَّارِ رَجُلٌ

❁ مبتداء کی ایک سے زیادہ بھی خبریں ہوتی ہیں۔

جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ فَاضِلٌ عَاقِلٌ۔

❁ مبتدا کی خبر جملہ بھی ہوتی ہے۔ جیسے زَيْدٌ يَذْهَبُ

2۔ **جُمْلَه فِعْلِيَّه** : وہ جُمْلَه ہے جس کا مُسْنَدْ، فعل ہو۔

جُمْلَه فِعْلِيَّه میں مُسْنَدْ اِلَيْه کو فَاعِل اور مُسْنَد کو فعل کہتے ہیں۔

قَامَ خَالِدٌ میں (قَامَ) مُسْنَدْ ہے اور (خَالِدٌ) مُسْنَدْ اِلَيْه ہے۔ لہذا (قَامَ) فعل (خَالِدٌ) فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ فَاعِل ہمیشہ مَرْفُوْع ہوتا ہے اور مَفْعُوْل بِہٖ ہمیشہ مَنْصُوْب ہوتا ہے۔

❁ عام طور پر جملہ میں پہلے فعل پھر فاعل اور پھر مفعول ہوتا ہے۔

جیسے اَكَلَ خَالِدٌ تُفَاحًا

❁ فاعل ہمیشہ فعل سے بعد ہوتا ہے۔ فاعل، فعل سے پہلے نہیں آتا۔

❁ مفعول بہ فاعل سے بھی پہلے آجاتا ہے اور فعل سے پہلے بھی آجاتا ہے۔

جیسے اَكَلَ تُفَاحًا خَالِدٌ اور تُفَاحًا اَكَلَ خَالِدٌ

تمرِین

مندرجہ ذیل جملوں میں مسند اور مسند الیہ کو پہچانیں

نیز بتائیں کہ کونسا جملہ اسمیہ ہے اور کونسا جملہ فعلیہ ہے۔

نیز مبتداء و خبر اور فعل، فاعل اور مفعول بہ کو پہچانیں۔

1۔ اَلْعَرَبِیَّةُ لُغَةٌ سَهْلَةٌ
2۔ خَرَجَ الطُّلَّابُ مِنَ الْفَصْلِ
3۔ اَکَلَ حَامِدٌ طَعَامًا
4۔ اَلْاَشْجَارُ طَوِیْلَةٌ
5۔ اَلْاَثْمَارُ لَذِیْذَةٌ
6۔ حَفِظَ التِّلْمِیْذُ الدَّرْسَ
7۔ حَمِدَ الْعَبْدُ رَبَّهٗ
8۔ اِنَّ اللّٰهَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ
9۔ غَسَلَتْ اُمِّیْ قَمِیْصِیْ
10۔ اَلْمِنْدِیْلُ وَسِخٌ
11۔ فَتَحَ الْبَقَّالُ الدُّکَّانَ
12۔ اَللّٰهُ رَبِّیْ
13۔ کَتَبَ الطَّالِبُ الرِّسَالَةَ
14۔ طَبَخَتْ اُمِّیْ طَعَامًا
15۔ صَلَّیْتُ صَلٰوةَ الْفَجْرِ
16۔ اَلْوَلَدُ قَائِمٌ
17۔ اَلْاُمُّ جَالِسَةٌ
18۔ اَلْقَلَمُ طَوِیْلٌ
19۔ نَسِیَ الطَّالِبُ دَرْسَهٗ
20۔ اَلدَّرْسُ صَعْبٌ
21۔ شَرِبَ الطِّفْلُ الْقَهْوَةَ
22۔ اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ
23۔ طَبَخَتِ الْخُبْزَ سُعَادُ
24۔ اَلْخُبْزُ لَذِیْذٌ

اَلدَّرْس الحادی عشر

جُمْلَهْ اِنْشَائِیَّه

جُمْلَهْ اِنْشَائِیَّه کی 12اقسام ہیں۔

1 ۔ اَمْر (کسی کام کے کرنے کاحکم دینا):

اِقْرَأِالْقُرْآنَ :قرآن پاک کی تلاوت کر۔

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِیُّ :(اِقْرَأْ)فعل امر معروف، صیغه واحد مذکر حاضر (اَنْتَ) ضمیر مستتر فاعل ،(اَلْقُرْآنَ)مفعول به۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول به سے مل کر جمله فعلیه انشائیه ہوا۔

2 ۔ نَهْی (کسی کام کے نہ کرنے کاحکم دینا):

لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ :(اپنی اولاد کومت قتل کرو)

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِیُّ :(لَا تَقْتُلُوْا) فعل نهی معروف، صیغه جمع مذکر حاضر (و) ضمیر مرفوع مُتَّصِل بَارِزْ فاعل(اَوْلَادَ)، مضاف (کُمْ) ضمیر مجرور متصل ، مضاف الیه، مضاف اپنے مضاف الیه سے مل کر مفعول به، فعل اپنے فاعل اور مفعول به سے مل کر جمله فعلیه انشائیه۔

3 ۔ اِسْتِفْهَام (کسی چیز کے بارے پوچھنا):

هَلْ صَلَّيْتَ صَلٰوةَ الْفَجْرِ ؟ (کیا آپ نے صبح کی نماز ادا کی؟)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِيُّ : (هَل) کَلِمَہ اِسْتِفْهَام (صَلَّيْتَ) فعل ماضی معروف ، صیغہ واحد مذکر حاضر (تَ) ضمیر مرفوع متصل بارز فاعل (صَلٰوةَ) مضاف (اَلْفَجْرِ) مضاف الیہ ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔

فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

4 ۔ تَمَنِّيْ (کسی چیز کے حصول کی محبت خواہ حصول کی امید ہو یا نہ ہو)۔

مثلاً: لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ (اے کاش زید حاضر ہوتا)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِيُّ: (لَيْتَ) حرف مُشَبَّهٌ بِالْفِعْل (زَيْداً) اسم (حَاضِرٌ) اسم فاعل، صیغہ واحد مذکر اس میں (هو) ضمیر پوشیدہ فاعل ۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر خبر (لَيْتَ) اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

5 ۔ تَرَجِّيْ : ایسے امر محبوب یا مکروہ کی امید کرنا جس کے حصول پر یقین نہ ہو

مثلاً لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ (امید ہے کہ عمر غائب ہو)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِيُّ: (لَعَلَّ) حرف مُشَبَّهٌ بِالْفِعْل (عَمْرًا) اسم (غَائِبٌ) اسم فاعل، صیغہ واحد مذکر اس میں (ھو) ضمیر پوشیدہ فاعل ۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر خبر ۔
(لَعَلَّ) اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

6 ۔ عُقُوْد :عقد کی جمع ہے اور عقد کے معنی ایجاب و قبول اور ایجاب و قبول کے وہ جملے جو عاقدین بولتے ہیں۔
مثلاً کسی چیز کی خرید وفروخت کرتے وقت بیچنے والے نے کہا (بِعْتُ) اور خریدنے والے نے کہا (اِشْتَرَيْتُ) تو جملہ (بِعْتُ) ایجاب ہوا اور جملہ (اِشْتَرَيْتُ) قبول۔
مثلاً بِعْتُ (میں نے خریدا) ، اِشْتَرَيْتُ (میں نے بیچا)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِيُّ: (بِعْتُ) فعل ماضی معروف (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز ، فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ (اِشْتَرَيْتُ) فعل ماضی معروف (ت) ضمیر مرفوع متصل بارز ، فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

7۔ نِدَاء (کسی کو پکارنا):
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ (اے اللہ کے رسول ﷺ)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِيُّ: (يَا) حرفِ نِدا قَائِم مَقَام اَدْعُوْ کے (اَدْعُوْ)

فعل مضارع معروف ، صیغه واحد متکلم ، (اَنَا) ضمیر مرفوع متصل پوشیده فاعل (رَسُوْلَ) مضاف (اللّٰہ)اسم جلالت مضاف الیه مضاف اپنے مضاف الیه سے مل کر مفعول به ۔

اَدْعُوْ فعل اپنے فاعل اور مفعول به سے مل کر جمله فعلیه انشائیه ہوا۔

8 ۔ عَرْض :نرمی کے ساتھ کوئی چیز طلب کرنا۔

مثلاً اَلَاتَذْهَبُ مَعَنَا اِلَی الْمَسْجِدُ فَنُصَلِّیَ بِالْجَمَاعَةِ

(کیا آپ ہمارے ساتھ نہیں چلتے کہ ہم جماعت کے ساتھ نماز ادا کرلیں)

اَلتَّرْكِيْبُ النَّحْوِیُّ : اَلَاتَذْهَبُ مَعَنَا بمعنی اَلَا يَكُوْنُ مِنْكَ ذَهَابٌ ہے۔جس میں (أ)همزه استفهام برائے عرض ہے۔(لا یکون) نفی فعل مضارع معروف صیغه واحد مذکر غائب، (من) حرف جار (ك) ضمیر مجرور ،جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو،ذهاب معطوف علیه (فا) برائے عطف ، (ان)ناصبه موصول حرفی مقدر ۔(نصلی) فعل مضارع معروف صیغه جمع متکلم (نحن) ضمیر پوشیده فاعل ،(با) حرف جار (الجماعة) مجرور ، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ۔ (نصلی) فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جمله فعلیه خبریه ہوکر صله،(ان) موصول حرفی اپنے صله سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر معطوف،(ذهاب)معطوف علیهاپنے معطوف سے مل کر فاعل۔

(لا یکون)فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا

9 ۔ قَسَم :

وَ اللّٰہِ اَنْتَ لَصَادِقٌ (اللہ کی قسم! آپ سچے ہیں)

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِیُّ:(و) حرفِ قسم (اللّٰہ) اسمِ جلالت مفعول بہ فعل مقدر (اُقْسِمُ) کا، (اُقْسِمُ) فعل مضارع معروف، صیغہ واحد متکلم (اَنَا) ضمیر مستتر فاعل۔

فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قسم۔ (اَنْتَ) ضمیر مرفوع منفصل، مبتداء، (ل) حرفِ تاکید (صَادِقٌ) خبر، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جوابِ قسم

10 ۔ تَعَجُّبْ

:وہ کیفیت جو نفس میں ایسے امر کے علم سے پیدا ہوئی جس کا سبب پوشیدہ ہو۔اسی واسطے کہا گیا کہ جب سبب ظاہر ہو تو تعجب ختم ہو جاتا ہے۔

مَا اَحْسَنَکَ (آپ کس قدر حسین ہیں!)

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِیُّ:(ما) اسمیہ استفہامیہ برائے تعجب مبتداء (اَحْسَنَ) فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ فاعل (ك) ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہخبریہ ہوکر خبر،

مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

11۔ دعا

مَثَلًا :رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِیُّ (رَضِیَ) فعْل ماضی معروف ، صیغہ واحد مذکر غائب (اللہ) اسمِ جلالت ، فاعل (عن) حرفِ جر (ہ) ضمیر مجرور متصل ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرفِ لغو۔

فعل ماضی اپنے فاعل اورظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ۔

12۔ مدح و ذم

مَثَلًا :نِعْمَ الرّجُلُ زَیْدٌ (کتنا اچھا مرد ہے زید)

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِی :(نِعْمَ) فعلِ مدح (الرجل) فاعل ، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبرِ مقدم ، (زید) مبتداء مؤخر ، مبتداء مؤخر اپنی خبرِ مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

بِئْسَ الرَّجُلُ فُلَانٌ (کتنا برا مرد ہے فلاں)

اَلتَّرْکِیْبُ النَّحْوِی :(بِئْسَ) فعلِ ذم (الرجل) فاعل ، فعل اپنے فاعل سےمل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبرِ مقدم ، (فلان) مبتداء مؤخر ، مبتداء مؤخر اپنی خبرِ مقدم سےمل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

التمرين

مندرجہ ذیل جملوں میں سے جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ کو پہچانیں۔

1۔ لَا تَرْفَعْ صَوْتَكَ عَلٰى صَوْتِ الْاُسْتَاذِ

2۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ

3۔ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

4۔ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ

5۔ اِشْتَرَيْتُ الْفَرْسَ بِسَرْجِهٖ

6۔ مَتٰى رَجَعْتَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

7۔ كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ الْاَحْمَرِ عَلَى الْوَرَقِ الْاَصْفَرِ

8۔اَسْعَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِسَعَادَةِ الدَّارَيْنِ

9۔ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ

10۔ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُنْظُرْ حَالَنَا

11۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَ فِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

12۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ

سوال نمبر 4 : کیا ایک جملہ بیک وقت جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ ہوسکتا ہے؟

سوال نمبر 5: کیا ایک جملہ بیک وقت جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ ہوسکتا ہے؟

اَلدَّرْسُ الثانی عشر

مُعْرَب اور مَبْنِی

کَلِمَاتِ عَرَب کی 2 قسمیں ہیں۔

1 ۔ **مُعْرَب** : وہ کلمہ ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے بدل جائے۔

مثلاً : جَاءَ زَیْدٌ ، رَأَیْتُ زَیْدًا ، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ

زَیْد، معرب ہے۔

جَاءَ ، رَأَیْتُ اور ب عامل ہیں۔

ضمہ (ُ)، فتحہ (َ)اور کسرہ (ِ) اعراب ہیں۔

د، محل اعراب ہے۔

2 ۔ **مَبْنِی** : وہ کلمہ ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے نہ بدلے۔

مثلاً : جَاءَ هٰذَا ، رَأَیْتُ هٰذَا ، مَرَرْتُ بِهٰذَا

هذا ، مَبْنِی ہے۔

مندرجہ ذیل الفاظ ہمیشہ مَبْنِی ہوتے ہیں۔

1۔تمام حروف

2 ۔فِعْل مَاضِی

3 ۔اَمْر حَاضِر مَعْرُوْف

ان تینوں کومبنی الاصل کہتے ہیں ۔

4 ۔فعل مُضَارِع کےوہ صیغےجن کےساتھ نونِ جمع مؤنث یانونِ تاکید ہو۔

5 ۔اِسْم غَیْر مُتَمَکِّن : وہ اسم جو مبنی اصل کےمشابہ ہو۔

اسم غیر متمکن کی 8 قسمیں ہیں۔

1 ۔ضَمَائِر :هُوَ ، هُمَا ، هُمْ

---

2 ۔ اَسْمَاءِ اِشَارَات :هٰذَا ، هٰذِهٖ

---

3 . اَسْمَاءِ مَوْصُوْلَات :اَلَّذِیْ ، اَلَّتِیْ

---

4. اَسْمَاءِ اَفْعَال :ان کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ فعل امر کے معنیٰ میں:

رُوَیْدَ (تو ضرور مہلت دے) بَلْهَ (تو ضرور چھوڑ دے)

حَیَّهَلْ (تو ضرور آ گے آ) هَلُمَّ (تو ضرور حاضر کر)

2۔فعل ماضی کے معنیٰ میں:

هَیْهَاتَ (بیشک وہ دور ہوا) شَتَّانَ (بیشک وہ جدا ہوا)

5 ۔ اَسْمَاءِ اَصْوَات : اُحْ اُحْ (سینے کے درد کی آواز)، بَخَّ (خوشی کے وقت کی آواز) ، نَخَّ (اونٹ کو بٹھانے کی آواز)، غَاقَ (کوے کی آواز)

6 ۔ اَسْمَاءِ ظُرُوْف :اِذْ ، اِذَا ،(جبکہ)، مَتٰی (کب)، کَیْفَ (کیسا) اَیَّانَ (کب) ، اَمْسِ (کل گذشتہ)، مُذْ ، مُنْذُ (سے) ، قَطُّ (کبھی نہیں) ، عَوْضُ (کبھی نہ)، قَبْلُ (پہلے) ، بَعْدُ (بعد)، حَیْثُ (جہاں) ، قُدَّامُ (آگے)، فَوْقُ (اوپر)،تَحْتَ (نیچے)۔

✿ یہ سارے کلمات ترکیبِ نحوی میں ظرف بنیں گے۔

✿ ان میں سے جو وقت کے معنیٰ میں ہیں وہ ظرفِ زماں ہوں گے۔

✿ ان میں سے جو جگہ کے معنیٰ میں ہیں وہ ظرفِ مکاں ہوں گے۔

7 ۔ اَسْمَاءِ کِنَایَات :کَمْ ، کَذَا (کتنا)، کَیْتَ ، ذَیْتَ (ایسا ایسا)

✿ یہ دونوں لفظ واوٗ عطف کے ساتھ مکرر استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے قُلْتُ کَیْتَ

وَ کَیْتَ، میں نے ایسا ایسا کہا۔قُلْتُ ذَیْتَ وَ ذَیْتَ، میں نے ایسا ایسا کہا۔

8 ۔ مُرَکَّبْ بِنَائِیْ :اَحَدَ عَشَرَ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تِسْعَةَ عَشَرَ

۞ ترکیبِ نحوی میں یہ ممیز ہوتے ہیں اوران کے بعدان کی تمییز ہوتی ہے

التمرین

سوال نمبر 1۔ نیچے والے جملوں سے مبنیات کو پہچانیں۔

1۔هٰؤُلَآءِ الرِّجَالُ مُسْلِمُوْنَ 2۔اُولٰئِكَ النِّسَاءُ صَادِقَاتٌ

3۔هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ 4۔وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ

5۔سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ 6۔غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِاُمِّكَ

7۔مَارَأَيْتُهٗ مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ 8۔وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ اَرَ قَطُّ

9۔صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ 10۔وَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ

11۔اَلنِّسَاءُ يَأْكُلْنَ الطَّعَامَ 12۔اِنَّ التِّلْمِيْذَ لَيُكْرِمَنَّ الْاُسْتَاذَ

13۔ مَنْ ضَرَبَكَ ؟ 14۔ اَللَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

15۔ وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰئِكَةِ 16۔ مَا رَأَيْنَا خَالداً مُذْ يَوْمَيْنِ

17۔ كَمْ دِرْهَماً عِنْدَكِ ؟ 18۔ عِنْدِىْ اَرْبَعَةَ عَشَرَ دِرْهَماً

19۔ وَاعْبُدْ رَبَّكَ 20۔ رُوَيْدَ بَكْراً

21۔ بَلْهَ خَالِداً 22۔ اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ

23۔ كَيْفَ حَالُكَ ؟ 24۔ فِى الْفَصْلِ خَمْسَةَ عَشَرَ طَالِباً

25۔ اُعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَاللَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

اَلدَّرْسُ الثالث عشر

حُرُوفِ عِلَّتْ :

حروفِ علت 3 ہیں : و ا ی

صَحِيْح :نحویوں کے نزدیک وہ لفظ ہے جس میں لام کلمہ حرفِ علت نہ ہو۔

مثلا : جَبَلٌ (پہاڑ)، جِدَارٌ (دیوار)، زَیدٌ(آدمی کا نام)، وَرَقٌ (کاغذ)

جَارِی مجرای صَحِيْح : وہ کلمہ ہے جس کا لام کلمہ حرفِ علت ہو مگر ما قبل ساکن ہو۔

دَلْوٌ(ڈول)، ظَبْیٌ (ہرن)، رَمْیٌ (دوڑنا)، سَعْیٌ (کوشش کرنا)

غَيْر مُنْصَرِف : وہ کلمہ ہے جس میں منع صرف کے دوسبب موجود ہوں یا ایک ایسا سبب موجود ہو جو دو کے قائم مقام ہے۔

منع صرف کے اسباب 9 ہیں۔

عَدْل وَصْف تَانِيْث مَعْرِفَه

عُجْمَه جَمَع تَرْكِيْب وَزْنِ فِعْل

اَلِف وَ نُوْن زَائِدَتَان

❁تانیث بالالف اور جمع جو مُنْتَهَی الْجُمُوْع کے وزن پر ہو دو سببوں کے قائم مقام ہوتی ہیں۔جیسے صَحْرَآءُ ، مَسَاجِدُ ، مَصَابِيْحُ

❁ اسمِ غَیْر مُنْصَرِف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی۔

❁ جب اسم غیر منصرف پر الف لام داخل ہو یا کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو تو اس پر کسرہ آجاتا ہے۔

مثلا :مساجد (جمع) ، بعلبك (علم ، ترکیب) ،ابراھیم (علم ، عجمه) ، احمد (علم ، وزنِ فعل) ، طلحة (تانیث ، معرفه) سکران (الف و نون زائدتان)

❁ محمد ، نوح ، شیث ، هود ، صالح اور لوط علیهم الصلوة و السلام کے علاوہ تمام انبیاءِ کرام کے نام غیر منصرف ہیں۔

اِسْمِ مَقْصُوْر :

وہ کلمہ ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ (ی) ہو۔

مثلا :صغرٰی (چھوٹی)، کبرٰی (بڑی)، وسطٰی (درمیانی)

اِسْمِ مَنْقُوْص :

وہ کلمہ ہے جس کے آخر میں ی اور ما قبل مکسور ہو۔

مثلا :قاضِی ، نامِی (بڑھنے والا)، سامِی (بلند) ، ماضِی (گذرا ہوا)

التمرین

سوال نمبر1۔ نیچے والے کلمات میں سے صحیح ، جاری مجرٰی صحیح ، غیر منصرف ، اسمِ منقوص اور اسمِ مقصور کو پہچانیں ۔

1۔اَحْمَدُ	2۔ قَاضِیٌ	3۔ اِبْرَاهِیْمَ	4۔ قُصْوٰی
5۔ حَیٌّ	6۔ حَمْدٌ	7۔ وَحْیٌ	8۔ فَانِیٌ
9۔ یَعْقُوْبَ	10۔ حَادِیٌ	11۔ اُذُنٌ	12۔ لُوْطٌ
13۔ عَائِشَةُ	14۔ یُوْسُفَ	15۔ سَاقِیٌ	16۔ بُصْرٰی
17۔ ظَبْیٌ	18۔ عَصٰی	19۔ آدَمُ	20۔ اِسْرَائِیْلُ
21۔ عِنَبٌ	22۔ دَاعِیٌ	23۔ جَارِیٌ	24۔ وَلَدٌ
25۔ عُلْیٰی	26۔ مَسَاجِدُ	27۔ اِسْحَاقُ	28۔ دَلْوٌ
29۔ عَطْشٰی	30۔ بِنْتٌ	31۔ جَانِیٌ	32۔ غَضْبٰی
33۔ زَکَرِیَّا	34۔ سَعْیٌ	35۔ اُسْتَاذٌ	36۔ مَسْجِدٌ
37۔ سُفْلٰی	38۔عُمَرُ	39۔ فَتْحٌ	40۔ سُلَیْمَانُ
41۔ فَتْوٰی	42۔ عَارِیٌ	43۔اُنْثٰی	44۔سَهْوٌ
45۔ فَرَسٌ	46۔ هُدٰی	47۔ فَتٰی	48۔ بِنْیَامِیْنُ
49۔ کَوْکَبٌ	50۔ هَادِیٌ	51۔تلمیذ	52۔ حسّان

اَلدَّرْسُ الرابع عَشَرَ

اسم کے 3 اعراب ہیں۔

رفع نصب اور جر

اسم مُتَمَکِّنْ

اسم مُتَمَکِّنْ : وہ اسم ہے جو مبنی اصل کے مشابہ نہ ہو۔

وجوہِ اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی 16 قسمیں ہیں۔

1: **مُفْرَدْ مُنْصَرِفْ صَحِیْحْ** : جیسے خَالِدٌ ، جَبَلٌ (پہاڑ)

2: **جَارِیْ مَجْرٰی صَحِیْحْ** : دَلْوٌ (ڈول) ، ظَبْیٌ (ہرن)

3: **جَمَعْ مُکَسَّرْ مُنْصَرِفْ** : رِجَالٌ ، اَبْوَابٌ ، اَقْلَامٌ ، کُتُبٌ

ان کا رفع، ضمہ کے ساتھ، نصب ،فتحہ کے ساتھ اور جر ، کسرہ کے ساتھ ہے

ھٰذَا خَالِدٌ	دَرَسْتُ خَالِدًا	نَظَرْتُ اِلٰی خَالِدٍ
ھٰذَا دَلْوٌ	اِشْتَرَیْتُ دَلْوًا	شَرِبْتُ مِنْ دَلْوٍ
ھٰذِہٖ رِجَالٌ	نَصَحْتُ رِجَالًا	نَظَرْتُ اِلٰی رِجَالٍ

4 جَمَعٌ مُؤَنَّثٌ سَالِمٌ :مُسْلِمَاتٌ ، صَالِحَاتٌ ، صَادِقَاتٌ

اس کا رفع، ضمہ کے ساتھ، نصب اور جر دونوں کسرہ کے ساتھ ہیں ۔

هٰؤُلَاءِ مُسْلِمَاتٌ دَرَسْتُ مُسْلِمَاتٍ اَحْسَنْتُ اِلٰى مُسْلِمَاتٍ

5 غَيْرُ مُنْصَرِفٌ :طَلْحَة ، زَيْنَب ، عُمَر ، اَحْمَد ، مَسَاجِد

اس کا رفع ضمہ کے ساتھ ہے ۔ نصب اور جر دونوں فتح کے ساتھ ہیں۔

هٰذِهِ مَسَاجِدُ رَأَيْتُ مَسَاجِدَ نُصَلِّيْ فِيْ مَسَاجِدَ

6 اَسْمَاءِ سِتَّة مُكَبَّرة مُوَحَّدَة مُضَافة اِلٰى غَيْرِ يَاءِ الْمُتَكَلِّم

اَبٌ ، اَخٌ ، حَمٌ (دیور)، هَنٌ (شرم گاہ) ، فَمٌ (منہ)، ذُوْمَالٍ (مال دار)

هٰذَا اَبُوْكَ رَأَيْتُ اَبَاكَ نَظَرْتُ اِلٰى اَبِيْكَ

ان کا رفع ،واو ماقبل مضموم کے ساتھ، نصب ،الف ما قبل مفتوح کے ساتھ اور جر، ی ماقبل مکسور کے ساتھ ہے۔

7 :مُثَنّٰى: رَجُلَانِ ، مَسْجِدَانِ ، طَالِبَانِ ، طِفْلَانِ ، كِتَابَانِ ، قَلَمَانِ

8 :كِلَا اور كِلْتَا : جب ضمیر کی طرف مضاف ہوں۔

9 اِثْنَانِ اور اِثْنَتَانِ :

ان کا رفع ،الف کے ساتھ ہے جب کہ نصب اور جر دونوں ی ما قبل

مفتوح کے ساتھ ہیں۔

هٰذَانِ رَجُلَانِ	دَرَسْتُ رَجُلَيْنِ	نَظَرْتُ اِلٰی رَجُلَيْنِ
جَاءَنِیْ كِلَاهُمَا	دَرَسْتُ كِلَيْهِمَا	نَظَرْتُ اِلٰی كِلَيْهِمَا
جَاءَنِیْ اِثْنَانِ	دَرَسْتُ اِثْنَيْنِ	نَظَرْتُ اِلٰی اِثْنَيْنِ

10: جَمَعْ مُذَكَّرْ سَالِمْ : مُسْلِمُوْنَ ، صَالِحُوْنَ ، خَادِمُوْنَ

11: اُوْلُو

12: عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ :

ان کا رفع ، وَاؤ ما قبل مضموم کے ساتھ ہے جب کہ نصب اور جر دونوں یَ ما قبل مکسور کے ساتھ ہیں۔

هٰؤُلَآءِ مُسْلِمُوْنَ	نَصَرْتُ مُسْلِمِيْنَ	مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ
هٰؤُلَآءِ اُوْلُو مَالٍ	لَقِيْتُ اُوْلِیْ مَالٍ	اَرْسَلْتُهٗ اِلٰی اُوْلِیْ مَالٍ
هٰؤُلَآءِ عِشْرُوْنَ رَجُلًا	زُرْتُ عِشْرِيْنَ رَجُلًا	اَلْمَالُ لِعِشْرِيْنَ رَجُلٍ

13: اِسم مَقْصُوْر : قُصْوٰی ، بُصْرٰی ، صُغْرٰی ، كُبْرٰی

14: غَيْر جَمَع مُذَكَّر سَالِم مُضَاف اِلٰی يَاءِ الْمُتَكَلِّم

كِتَابِیْ ، قَلَمِیْ ، تِلْمِيْذِیْ

ان سب کا رفع ،ضمہ تقدیری کے ساتھ ہے، نصب، فتحہ تقدیری کے ساتھ ہے اور جر، کسرہ تقدیری کے ساتھ ہے۔

هٰذَا كِتَابِیْ　　اَخَذْتُ كِتَابِیْ　　اَلْقَلَمُ عَلٰی كِتَابِیْ

15:اسم مَنْقُوْص قَاضِیْ ، بَاقِیْ ، فَانِیْ ، سَاقِیْ ، حَامِیْ

اس کا رفع، ضمہ تقدیری کے ساتھ ہے ، نصب، فتح لفظی کے ساتھ ہے اور جر ،کسرہ تقدیری کے ساتھ ہے۔

جَاءَ الْقَاضِیْ　　رَأَیْتُ الْقَاضِیَ　　مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ

16:جمع مذکر سالم مضاف الی یائے متکلم :

مُسْلِمِیَّ

اس کا رفع وَاؤ تقدیری کے ساتھ ہے ، نصب اور جر یَا ما قبل مکسور کے ساتھ ہے۔

جَاءَ مُسْلِمِیَّ　　رَأَیْتُ مُسْلِمِیَّ　　مررت بِمُسْلِمِیَّ

مُسْلِمِیَّ اصل میں مُسْلِمُوْنَ یَ تھا۔ن اضافت کی وجہ سے گر گیا ، مُسْلِمُوْیَ ہوا۔و اور ی جمع ہوئے۔ پہلا حرف ساکن ہے لہذا وَاؤ کو یَا سے تبدیل کیا۔ مُسْلِمُیْ یَ ہوا۔ی کا ی میں ادغام کیا۔ مُسْلِمُیَّ ہوا۔ی کی مطابقت کے لئے م کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا مُسْلِمِیَّ ہوا۔

تمرین

سوال نمبر 1۔ نیچے والی کلمات سے اسمائے متمکن کو پہچانیں۔

1۔مُسْلِمُوْنَ 2۔ قَاضِیْ 3۔صَالِحَاتٌ 4۔ قُصْوٰی
5۔ حَیٌّ 6۔ اَخُوْكَ 7۔ اُوْلُوْ مَالٍ 8۔ فَانِیْ
9۔ فَائِزُوْنَ 10۔ حَادِیْ 11۔ اُذُنَانِ 12۔ اَبِیْ بَكْرٍ
13۔ عَابِدَاتٌ 14۔ اَقْلَامٌ 15۔ سَاقِیْ 16۔اَبِینَا
17۔ ظَبْیٌ 18۔ عَصوَانِ 9۔ آدَمُ 20۔كِتَابِیْ
21۔ عِنبَانِ 22۔ ثَلٰثُوْنَ 23۔ ذُوْمَالٍ 24۔ سَاجِدِیْنَ
25۔ عُلْیٰی 26۔ مَسَاجِدُ 27۔ اِسْحَاقُ 28۔ دَلْوٌ
29۔ عَطْشٰی 30۔ حَافِظَاتٌ 31۔ جَانِیْ 32۔اِثْنَانِ
33۔ زَكَرِیَّا 34۔ذَا حُسْنٍ 35۔ اَشْجَارٌ 36۔ اَخُوْكُمْ
37۔ سُفْلٰی 38۔عُمَرُ 39۔ شَاكِرَاتٌ 40۔ كَعْبَیْنِ
41۔ فَتْوٰی 42۔ اَبُوْجَهْلٍ 43۔اُنْثٰی 44۔سَهْوٌ
45۔ فَرَسٌ 46۔ هُدٰی 47۔اَبَا الْحِكَمِ 48۔ سَبْعُوْنَ
49۔ اَقْلَامِیْ 50۔ مُجْتَهِدِیْنَ 51۔ذو علم 52۔ ابوبكر

اَلدَّرْسُ الخامس عَشَرَ

اِعْرَابُ الْمُضَارِعِ

مُضَارِعْ کے اعراب 3 ہیں۔

رَفَع نَصَب جَزم

فعل مضارع کی وجوہِ اعراب کے اعتبار سے 4 قسمیں ہیں۔

1۔ مُفْرَدْ صَحِیْح :

مثلا :یسجد ، تسجد ، تسجد ، اسجد ، نسجد

اس کا رفع ,ضمہ کے ساتھ، نصب , فتحہ کے ساتھ اور جزم ,سکون کے ساتھ ہے۔

خَالِدٌ یَسْجُدُ	**لَنْ یَسْجُدَ خَالِدٌ**	**لَمْ یَسْجُدْ خَالِدٌ**
نَسْجُدُ لِلّٰہِ	**لَنْ نَسْجُدَ لِلشَّمْسِ**	**لَمْ نَسْجُدْ لِلْقَمَرِ**

2۔ مُفْرَدْ مُعْتَلْ وَاوِی اور مفرد معتل یائی :

مثلا :یَدْعُوْ ، تَدْعُوْ ، تَدْعُوْ ، اَدْعُوْ ، نَدْعُوْ ، یَرْمِیْ ، تَرْمِیْ ، نَرْمِیْ

اس کا رفع ,ضمہ تقدیری کے ساتھ ہے ، نصب, فتحہ لفظی کے ساتھ ہے اور جزم ,حذفِ لام کے ساتھ ہے۔

سَاجِدٌ یَدْعُوْ   لَنْ یَدْعُوَ سَاجِدٌ   لَمْ یَدْعُ سَاجِدٌ
اَدْعُوْ اللّٰہَ   لَنْ اَدْعُوَ غَیْرَ اللّٰہِ   لَمْ اَدْعُ غَیْرَ اللّٰہِ

3۔مُفْرَدْ مُعْتَلْ اَلِفِیْ :

یَخْشٰی ، تَخْشٰی ، تَخْشٰی ، اَخْشٰی ، نَخْشٰی

اس کا رفع ,ضمہ تقدیری کے ساتھ ، نصب ,فتحہ تقدیری کے ساتھ اور جزم ,حذفِ لام کے ساتھ ہے.

اَلْعَالِمُ یَخْشٰی   لَنْ یَخْشٰی   لَمْ یَخْشَ
اَخْشَی اللّٰہَ   لَنْ اَخْشٰی   لَمْ اَخْشَ

4۔ تَثْنِیَۃ وَ جَمع :

یَسْجُدَانِ ، یَسْجُدُوْنَ ، تَسْجُدَانِ ، تَسْجُدُوْنَ ، تَسْجُدِیْنَ

ان کا رفع , اثباتِ نون کے ساتھ اور نصب و جزم دونوں حذفِ نون کے ساتھ ہیں۔

اَلطَّالِبَانِ یَسْجُدَانِ   اَلْکَافِرَانِ لَنْ یَسْجُدَا   اَلْمُنَافِقَانِ لَمْ یَسْجُدَا
اَلْمُسْلِمُوْنَ یَسْجُدُوْنَ   اَلْکَافِرُوْنَ لَنْ یَسْجُدُوْا   اَلْمُنَافِقُوْنَ لَمْ یَسْجُدُوْا
اَنْتِ تَسْجُدِیْنَ   لَنْ تَسْجُدِیْ   لَمْ تَسْجُدِیْ

تمرین

سوال نمبر :1۔اعراب کے اعتبار سے فعل کی اقسام پہچانیں۔

1۔ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ

2۔ اِنَّمَا الْمُسْلِمُوْنَ يَعْمُرُوْنَ مَسَاجِدَاللّٰهِ

3۔ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَا اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ

4۔ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَنْ يَعْبُدَ اللّٰهَ اَبَدًا

5۔ اِنَّ اِبْلِيْسَ لَنْ يَرْضٰى مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَبَدًا

6۔ وَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى

7۔ اِذَا لَمْ تَسْتَحِ اِفْعَلْ مَا شِئْتَ

8۔ اِنَّ هٰذَيْنِ الْمُسْلِمَيْنِ لَمْ يَذْهَبَا اِلَى الْمَسْجِدِ

9۔ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَ لَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ

10۔اِنَّ الْمُؤْمِنَ الْكَامِلَ لَنْ يَغْزُوَ الْمُؤْمِنَ اَبَدًا

11۔ اِ نَّ الشَّيْطٰنَ لَنْ يَّعْبُدَ اللّٰهَ اَبَداً

12۔ اَفَتُؤْمِنونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ

13۔ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ ا صَلٰوتُكَ تَأْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَائُنَا

14۔ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اَلدَّرْس السادس عشر

عَوَامِل

عواملِ کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ لَفْظِی 2۔ مَعْنَوِی

عواملِ لفظیہ کی 3 قسمیں ہیں۔

1۔حُروفِ عاملہ 2۔اَفعالِ عاملہ 3۔اَسماءِ عاملہ

حروفِ عاملہ :

وہ حروف جو اسم میں عمل کرتے ہیں ان کی 5 قسمیں ہیں۔

1 ۔ حروفِ جارہ 2 ۔ حُرُوْف مُشَبَّہْ بِالْفِعْل

3۔ مَا و لَا مُشَابِہْ بِلَیْس 4 ۔لائے نفی جنس

5 ۔حُرُوْفِ نِدَا

وہ حروف جو فعل مضارع میں عمل کرتے ہیں ان کی 2 قسمیں ہیں۔

1۔ نَوَاصِبِ فِعْل 2۔ جَوَازِمِ فِعل

اَلدَّرْس السابع عشر

1 ۔ حروفِ جارہ

حروفِ جارہ 17 ہیں۔

بَا و تَا و کَافُ و لَامُ و وَاوُ ومُنْذُ مُذْ خَلَا

رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلٰی

یہ حروف، اسم پر داخل ہوتے ہیں اور اس کو جر دیتے ہیں۔

کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ (میں نے قلم کے ساتھ لکھا)

تَاللّٰہِ اَنْتَ لَسَاحِرٌ (اللہ تعالی کی قسم! آپ جادوگر ہیں)

زَیْدٌ کَالْاَسَدِ (زید شیر کی طرح ہے)

اَلْمَالُ لِزَیْدٍ (مال زید کے لئے ہے)

تمرین

مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب درست کریں۔

1۔ سَافَرْتُ مِنَ الْمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةَ اِلَى الْمَدِيْنَةُ الْمُنَوَّرَةَ

2۔ اَلْجَنَّةُ لِلْمُسْلِمُوْنَ وَالنَّارُ لِلْكَافِرُوْنَ

3 .اَلْبُنَاتُ كَالْاُمَّهَاتَ وَالْبُنُوْنَ كَالْاٰبَاءُ

4۔ هٰذَا الْكِتَابُ لِاَخُوْكَ وَ ذٰلِكَ الْقَلَمُ لِاَبُوْكَ

5۔ اَخَذْتُ الْقِرْطَاسَ مِنَ الْقَاضِيِ

6۔ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ

7۔ سِرْتُ مِنَ الْبُصْرَةَ اِلَى الْكُوْفَةُ

8۔ اَخِيْ اَكْبَرُ مِنْ اَخُوْكَ وَ اَبِيْ اَكْبَرُ مِنْ اَبُوْكَ

9۔ جَاءَ نِى الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٌ

10۔ مَا رَأَيْتُ اُسْتَاذِىْ مُذْ يَوْمَانِ

11۔ اَلْجَاهِلُوْنَ لَيْسُوْا كَالْعَالِمُوْنَ

12۔ اَلْبُنَاتُ لَسْنَ كَالْبُنُوْنَ

13۔ حَفِظَ الطُّلَّابُ الدَّرْسَ عَدَا اَبُوْبَكْرٍ

14۔ اَخُوْكَ مِنَ الْعُلَمَاءُ الْكِبَارُ

اَلدَّرْس الثامن عشر

2 ۔ حُرُوْف مُشَبَّہٌ بِالْفِعْل

حروف مشبہ بالفعل 6 حروف ہیں:

اِنَّ ، اَنَّ (بے شک) کَاَنَّ (گویا کہ)، لٰکِنَّ (مگر)، لَیْتَ (کاش) لَعَلَّ (شاید)

یہ حروف جُمْلَہ اِسْمِیَّہ پر داخل ہوتے ہیں۔

اپنے اسم (مبتداء) کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا، جاننے والا ہے)

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

کَاَنَّ النَّوْمَ مَوْتٌ (گویا کہ نیند موت ہے)

لٰکِنَّ سَاجِدًا عَاقِلٌ (مگر ساجد عقل مند ہے)

لَیْتَ الْحَبِیْبَ رَحِیْمٌ (کاش کہ محبوب رحم کرے)

لَعَلَّ الْمُسَافِرَ رَاجِعٌ (شاید کہ مسافر لوٹ آئے)

- جملہ کی ابتداء اور قال کے بعد اِنَّ ہوتا ہے۔
- ان حروف پر اگر مَا کَافَّہ داخل ہو تو یہ حروف عمل نہیں کرتے۔

جیسے اِنَّمَا اِلٰهُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ

تمرین

مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب درست کریں۔

1۔ اِنَّ الْمُسْلِمُوْنَ صَادِقُوْنَ وَ اِنَّ الْکَفِرُوْنَ کَاذِبُوْنَ

2۔ اِنَّ الْمُسْلِمَاتُ صَادِقَاتٌ وَ اِنَّ الْکَافِرَاتِ کَاذِبَاتً

3۔ کَاَنَّ اَبُوْکَ عَالِماً کَبِیْراً

4۔ لَیْتَ الطَّالِبَاتِ مُجْتَهِدَاتً

5۔ لَعَلَّ الْقَاضِیُ صَالِحاً

6۔ اَلْاٰبَاءُ عَالِمُوْنَ لٰکِنَّ الْبُنُوْنَ جَاهِلِیْنَ

7۔ لَیْتَ الْجَاهِلُ عَالِمٍ

8۔ لَعَلَّ اَبِیْکَ مَشْغُوْلًا

9۔ اِنَّمَا زَیْدًا جَالِسٌ

10۔ اِنَّمَا الْمُسْلِمُوْنَ صَالِحُوْنَ

11۔ لَیْتَ الشَّبَابُ یَعُوْدُ

12۔ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ اِنَّ زَیْدٌ وَلَدٌ رَشِیْدٌ

13۔ وَلٰکِنَّ الْمُنَافِقُوْنَ لَکَاذِبِیْنَ

14۔ اَنَّ اَعْمَالُکُمْ لَیسَتْ کَاَقْوَالُکُمْ

اَلدَّرْس التاسع عشر

3۔ مَا و لَا مُشَابِہْ بِلَیْسَ

یہ 2 حروف ہیں:

ما ، لا (نہیں)

یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔

مَا عَابِدٌ جَالِسًا (عابد بیٹھا ہوا نہیں ہے)

لَا رَجُلٌ عَاقِلًا (مرد عقل مند نہیں ہے)

- **ما** ،اسم معرفہ اور اسم نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے۔
- **لا** صرف اسم نکرہ پر داخل ہوتا ہے۔
- یہ حروف 3 صورتوں میں عمل نہیں کرتے۔

1۔ جب خبر اِلَّا کے بعد ہو۔ جیسے **مَا زَیْدٌ اِلَّا قَائِمٌ**۔

2۔ جب خبر ، اسم سے پہلے آ جائے۔ جیسے **مَا قَائِمٌ زَیْدٌ**۔

3۔ جب ما کے بعد اِنْ آ جائے۔ **مَا اِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ**

تمرین

مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب درست کریں۔

1۔ مَا عَائِشَۃٌ جَالسَۃٌ

2۔ لَا وَلَداً ذَکِيٍّ

3۔ مَا عُمَرَ خائِنٍ

4۔ لَا دَرْساً صَعْبًا

5۔ لَا رَجُلٍ عَائِدٌ

6۔ لَا حَاضِرًا طَالِبٌ

7۔ لَا طِفْلٌ نَائِمٌ

8۔ مَا اِنْ خَالِدٌ جَالِسًا

9۔ مَا اَبَا جَهْلٍ اِلَّا کَافِرٌ

10۔ مَا اَبُوْ بَکْرٍ اِلَّا مُؤْمِنٌ

11۔ لَا عَبَّاسًا طَالِبًا

12۔ مَا سَعِيْدٍ کَسُوْلٍ

13۔ لَا خَلِيْلٌ مُسَافِرٌ

14۔اِنَّ اللّٰهُ رَحِيْمٌ

15۔ کَاَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٍ

16۔ اِنَّ الْعِلْمُ کَالنُّوْرُ

17۔ لَيتُ لِی اَلْفُ دِيْنَارٍ

18۔ لَعَلَّ الْمَرِيْضُ هَالِكٌ

19۔اَنَّ سَعِيْدٌ سَخِیٌّ لکِنَّ اَخُوْهُ بَخِيْلٌ

20۔ اَن الطالباتُ مجتهدات ولکن الطالبون کسلان

21۔ اَن اخوك اکبرَ من اخی ولکن ابی اکبر من ابوك

22۔ کتبتُ بالقلمَ الاحمرَ علی القرطاسُ الابیضُ

اَلدَّرْسُ العشرون

4 ۔لائے نفی جنس

لاءِ نفیِ جنس کااسم اکثر مضاف اور منصوب ہوتا ہےاور خبر مرفوع

ہوتی ہے۔لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ

اس کااسم اگر نَکِرَہْ مُفْرَدْ ہوتو مَبْنِیْ عَلَی الْفَتْح ہوگا۔لَا رَیْبَ فِیْہِ

اس کے بعداگر معرفه ہوتوایک اور معرفه کالا کے ساتھ تکرار ہوگا اور یہ لاءِ نفی

جنس عمل نہیں کرے گا۔وہ معرفه ،مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہوگا۔

لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا بَکْرٌ

اگر لائے نفی جنس کے بعداسم نکرہ کا تکرار ہو

تو اسے 5 طرح پڑھنا جائز ہوگا۔

1۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (دونوں مبنی علی الفتح)

2۔ لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ (دونوں مرفوع)

3۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا بِاللّٰهِ (پہلامبنی علی الفتح دوسرا مرفوع)

4۔ لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (پہلا مرفوع دوسرامبنی علی الفتح)

5۔ لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةًاِلَّا بِاللّٰهِ (پہلا مرفوع دوسرا منصوب)

تمرین

مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگائیں۔

1۔ لا درس صعب
